Malikmazhar001 Malikmazhar internationalafnewsandviews@gmail.com

اے ایمان والو اللہ کی خاطر انصاف کی گواہی دینے کے لئے ڈٹ جایا کرو
القرآن

Daily
ATTAL FAISLA
Lahore Gujranwala

روزنامہ
اٹل فیصلہ
لاہور گوجرانوالہ

Sub Editor:
H-R-Babar
078300 20908

Dailyattalfaisla@gmail.com

چیف ایڈیٹر: ملک مظہر
0308-9020159
0313-8149153

جلد نمبر 16، شمارہ نمبر 169 | بدھ 30 رجب المرجب 1444ھ، 22 فروری 2023ء، 10 پھاگن 2077ب، صفحات 4، قیمت 15 روپے

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا علاقائی دفتر ملتان کا دورہ

## وفاقی سرکاری اداروں کے علاقائی سربراہان کو طلب کر کے فیصلوں پر عملدرآمد کی ہدایات

ملتان (نیوز ڈیسک) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ملتان میں علاقائی دفتر کے دورہ کے دوران وفاقی سرکاری اداروں کے علاقائی سربراہان کو طلب کر کے ایک اجلاس کے دوران ہدایت کی کہ وہ اس دفتر کے ساتھ مل کر وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ شکایت کنندگان کو فوری ریلیف مل سکے۔انہوں نے اپنے دفتر کے مقامی افسران کو بھی ہدایت کی کہ وہ فیصلوں پر عملدرآمد پر خصوصی توجہ دیں۔ اجلاس میں شریک تمام اداروں کے سربراہان نے وفاقی محتسب کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔اجلاس میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر کے افسران کے علاوہ میپکو (MEPCO)، نادرا، یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام اور ایف آئی اے سمیت متعدد اداروں کے علاقائی سربراہان نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اس موقع پر اپنے خطاب کے دوران کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ اجلاس کے دوران وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر ملتان کے افسران اور عملہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اضافی بجٹ اور مزید عملہ طلب کیئے بغیر ان کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث عام لوگوں کے مسائل حل کرنے میں بہت بہتری آئی ہے۔وفاقی محتسب نے اپنے دورے کے دوران ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب کو سال 2022 کے دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں اور ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کیئے گئے جو گزشتہ برس موصول ہونے والی 110,405 شکایات کے مقابلے میں 49 فیصد زیادہ ہیں جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔وفاقی محتسب نے پریس کانفرنس کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں، پنشنروں، قیدیوں بالخصوص قیدی خواتین اور بچوں کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی میڈیا کو آگاہ کیا۔انہوں نے وفاقی محتسب کے افسران کی طرف سے کھلی کچہریوں کے انعقاد، تنازعات کے غیر رسمی حل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جدید استعمال کی تفصیلات بتاتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں تعاون کریں تاکہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارہ کے ذریعے فوری اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔

اسلام آباد، لاہور، گوجرانوالہ، کراچی، پشاور، کوئٹہ، مظفر آباد کا نمائندہ اخبار

مخلوق کی کہانی ＝ مخلوق کی زبانی

The Daily MAKHLOOQ

روزنامہ مخلوق

چیف ایڈیٹر خواجہ سلیم نائیک

ABC CERTIFIED

سب ایڈیٹر: عمران بھنڈر

dailymakhlooq@gmail.com 0333-8133602

جلد نمبر 19 | بدھ 30 رجب المرجب 1444ھ، 22 فروری 2023ء، 10 پھاگن، صفحات 4، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 96

**آج کی اچھی بات**

جس طرح جسم کو بیماری کی موجودگی میں کھانے کی لذت حاصل نہیں ہوتی، اسی طرح گناہوں کی موجودگی میں دل کو عبادت کی لذت محسوس نہیں ہوتی

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا علاقائی دفتر ملتان کا دورہ

## وفاقی سرکاری اداروں کے علاقائی سربراہان کو طلب کر کے فیصلوں پر عملدرآمد کی ہدایات

ملتان (نیوز ڈیسک) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ملتان میں علاقائی دفتر کے دورہ کے دوران وفاقی سرکاری اداروں کے علاقائی سربراہان کو طلب کر کے ایک اجلاس کے دوران ہدایت کی کہ وہ اس دفتر کے ساتھ مل کر وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ شکایت کنندگان کو فوری ریلیف مل سکے۔ انہوں نے اپنے دفتر کے مقامی افسران کو بھی ہدایت کی کہ وہ فیصلوں پر عملدرآمد پر خصوصی توجہ دیں۔ اجلاس میں شریک تمام اداروں کے سربراہان نے وفاقی محتسب کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ اجلاس میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر کے افسران کے علاوہ میپکو (MEPCO)، نادرا، یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام اور ایف آئی اے سمیت متعدد اداروں کے علاقائی سربراہان نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اس موقع پر اپنے خطاب کے دوران کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ اجلاس کے دوران وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر ملتان کے افسران اور عملہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اضافی بجٹ اور مزید عملہ طلب کئے بغیر ان کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث عام لوگوں کے مسائل حل کرنے میں بہت بہتری آئی ہے۔ وفاقی محتسب نے اپنے دورے کے دوران ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب کو سال 2022 کے دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں اور ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ برس موصول ہونے والی 110,405 شکایات کے مقابلے میں 49 فیصد زیادہ ہیں جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ وفاقی محتسب نے پریس کانفرنس کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں، پنشنروں، قیدیوں بالخصوص قیدی خواتین اور بچوں کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی میڈیا کو آگاہ کیا۔ انہوں نے وفاقی محتسب کے افسران کی طرف سے کھلی کچہریوں کے انعقاد، تنازعات کے غیر رسمی حل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جدید استعمال کی تفصیلات بتاتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں تعاون کریں تاکہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارہ کے ذریعے فوری اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔

★★★ راولپنڈی، لاہور، گوجرانوالہ، بہاولپور میں پڑھا جانے والا معتبر اخبار ★★★

●●● علم بوجھ ہے ـــــــ بنا عقل کے ●●●

DAILY
NAWA-E-JAMHORIYAT
Lahore / Gujranwala

روزنامہ
نوائے جمہوریت
لاہور / گوجرانوالہ
چیف ایڈیٹر ضیاء الرحمٰن بٹ
ایڈیٹر شیخ عقیل ظفر　　سب ایڈیٹر راؤ غلام قادر

جلد نمبر 13 | بدھ یکم شعبان المعظم 1444ھ، 22 فروری 2023، 11 پھاگن، صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 35

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا علاقائی دفتر ملتان کا دورہ

## وفاقی سرکاری اداروں کے علاقائی سربراہان کو طلب کر کے فیصلوں پر عملدرآمد کی ہدایات

ملتان (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ملتان میں علاقائی دفتر کے دورہ کے دوران وفاقی سرکاری اداروں کے علاقائی سربراہان کو طلب کر کے ایک اجلاس کے دوران ہدایت کی کہ وہ اس دفتر کے ساتھ مل کر وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تا کہ شکایت کنندگان کو فوری ریلیف مل سکے۔ انہوں نے اپنے دفتر کے مقامی افسران کو بھی ہدایت کی کہ وہ فیصلوں پر عملدرآمد پر خصوصی توجہ دیں۔ اجلاس میں شریک تمام اداروں کے سربراہان نے وفاقی محتسب کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ اجلاس میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر کے افسران کے علاوہ میپکو (MEPCO)، نادرا، یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام اور ایف آئی اے سمیت متعدد اداروں کے علاقائی سربراہان نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اس موقع پر اپنے خطاب کے دوران کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ اجلاس کے دوران وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر ملتان کے افسران اور عملہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اضافی بجٹ اور مزید عملہ طلب کئے بغیر ان کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث عام لوگوں کے مسائل حل کرنے میں بہت بہتری آئی ہے۔ وفاقی محتسب نے اپنے دورے کے دوران ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب کو سال 2022ء کے دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں اور ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ برس موصول ہونے والی 110,405 شکایات کے مقابلے میں 49 فیصد زیادہ ہیں جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ وفاقی محتسب نے پریس کانفرنس کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں، پنشنروں، قیدیوں بالخصوص قیدی خواتین اور بچوں کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی میڈیا کو آگاہ کیا۔ انہوں نے وفاقی محتسب کے افسران کی طرف سے کھلی کچہریوں کے انعقاد، تنازعات کے غیر رسمی حل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جدید استعمال کی تفصیلات بتاتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں تعاون کریں تا کہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارہ کے ذریعے فوری اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔

21-02-2023
03007727772
CHANNEL 5 FIVE
روزنامہ خبریں KHABRAIN
شیخ خالد مسعود ساجد
بیورو چیف خبریں میڈیا گروپ چینل ۵ وہاڑی

# ادارہ وفاقی محتسب سائلین کے مسائل حل کر رہا ہے: محمود جاوید بھٹی

## کھلی کچہری میں ایڈوائزر وفاقی محتسب نے سائلین کی درخواستوں کی سماعت کی

وہاڑی (بیورو رپورٹ، نمائندہ خصوصی، سٹی رپورٹر) محکمہ وفاقی محتسب کے زیراہتمام گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین وہاڑی میں آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا سیمینار کے مہمان خصوصی ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی تھے۔ سیمینار میں ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے کہا کہ ادارہ وفاقی محتسب بغیر کسی وکیل اور بلاتاخیر سائلین کے مسائل حل کر رہا ہے۔ سائل کی درخواست کی سماعت کے حوالے سے ایس ایم ایس درخواست گزار کو بھیجا جاتا ہے اور 60 دن کے اندر سائل کے مسئلہ کو حل کیا جاتا ہے۔ سیمینار کے اختتام پر ایڈوائزر وفاقی محتسب محمود جاوید بھٹی نے طلباء سے سوالات و جوابات بھی کیے۔ دریں اثناء ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے ڈپٹی کمشنر وہاڑی کے دفتر میں کھلی کچہری بھی لگا کر واپڈا، نادرا اور دیگر وفاقی محکموں سے متعلقہ سائلین کی طرف سے آنے والی درخواستوں کی سماعت کی اور متعلقہ محکموں کو شکایات کو جلد حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔



وہاڑی: ایڈوائزر وفاقی محتسب محمود جاوید گرلز کالج میں خواتین سے خطاب کر رہے ہیں

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس سکھر
WEDNESDAY, FEBRUARY 22, 2023
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 17 شمارہ 88 | بدھ، یکم شعبان المعظم، 22 فروری 2023، صفحات 10 قیمت 20 روپے



سکھر: وفاقی محتسب آفیس کے ریجنل ڈائریکٹر سید محمود شاہ اپنے دفتر میں مختلف محکموں کے خلاف عوامی شکایت سن رہے ہیں

# عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہماری ذمہ داری: محمود علی شاہ

## وفاقی محتسب آفس کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، ریجنل ڈائریکٹر

سکھر (کرائم رپورٹر) وفاقی محتسب سکھر آفس کے ریجنل ڈائریکٹر سید محمود علی شاہ نے افسران کو متنبہ کیا ہے کہ وفاقی محتسب آفس کے فیصلوں پر عملدرآمد کے حوالے سے تاخیر سے گریز کریں ورنہ ان کے خلاف کارروائی کے لیے ان کے محکموں کو لکھا جائے گا عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے اس لیے ازالے میں تاخیر ناقابل برداشت ہوگی افسران فیصلوں پر من وعن عملدرآمد کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف وفاقی محکموں کے خلاف لوگوں کی شکایات کی سماعت کے موقع پر کیا اس موقع پر انہوں نے سیپکو، سوئی گیس و دیگر وفاقی محکموں کے حوالے سے لوگوں کی شکایات سنیں اور ان کی شکایات پر موقع پر موجود افسران کو ہدایات جاری کیں بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ریجنل ڈائریکٹر سید محمود شاہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب کے آفس میں روزانہ سیکڑوں شکایات درج ہوتی ہیں ہم ان کو سنتے ہیں اور اس کے بھرپور ازالے کی کوشش کرتے ہیں اور اب تک سکھر آفس سے ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کے مسائل حل ہوئے ہیں انہوں نے بتایا کہ زیادہ تر شکایات سیپکو، سوئی گیس، نادرا کے حوالے سے ہوتی ہیں جن کا ازالہ بھی کیا جاتا ہے اور اب تک ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کو بجلی کے بلوں کے حوالے سے ریلیف مل چکا ہے لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لیے ہمارے دفتر کے دروازے کھلے ہیں۔

کراچی، لاہور، اسلام آباد، مظفرآباد سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
FALAK TIMES Karachi Pakistan
روزنامہ
فلک ٹائمز
کراچی/پاکستان
ایڈیٹر
عبداللہ غلام محمد شاہ
چیف ایگزیکٹیو: رابعہ بشیر
جلد نمبر:10 بدھ 29 رجب المرجب 1444ھ بمطابق 22 فروری 2023 شمارہ نمبر 180



سکھر، وفاقی محتسب آفس کے ریجنل ڈائریکٹر سید محمود شاہ اپنے دفتر میں مختلف محکموں کے خلاف عوامی شکایات سن رہے ہیں۔

# عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہماری زمہ داری ہے، محمود علی شاہ

## وفاقی محتسب آفس کے فیصلوں پر عملدرآمد کے حوالے سے تاخیر سے گریز کریں ورنہ ان کے خلاف کاروائی ہوگی

### روزانہ سیکڑوں شکایات درج ہوتی ہیں ہم ان کو سنتے ہیں اور اس کے بھرپور ازالے کی کوشش کرتے ہیں، بات چیت

سکھر (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب سکھر آفس کے ریجنل ڈائریکٹر سید محمود علی شاہ نے افسران کو متنبہ کیا ہے کہ وفاقی محتسب آفس کے فیصلوں پر عملدرآمد کے حوالے سے تاخیر سے گریز کریں ورنہ ان کے خلاف کاروائی کے لیے ان کے محکموں کو لکھا جائے گا عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہماری زمہ داری ہے اس لیے ازالے میں تاخیر ناقابل برداشت ہوگی افسران فیصلوں پر من و عن عملدرآمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3-4)

لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار

# روزنامہ برائٹ سٹار

گروپ چیئرمین
نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر
ڈاکٹر آصف سیٹھی

سنیئر ایڈیٹر
محمد یونس مغل

گوجرانوالہ
پاکستان

ایگزیکٹو ایڈیٹر
مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 13 جمعۃ المبارک 22 فروری 2023ء ، 03 شعبان المعظم 1444ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے شمارہ: 177

## وفاقی محتسب کا نوٹس

# گیپکو کی 202،353 اضافی یونٹس چارج کرنے کی بدانتظامی

### وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر گیپکو گوجرانوالہ نے اس کو ڈالے گے 202، 353 اضافی یونٹس واپس لے لیے

### بروقت مداخلت سے اس کا مسئلہ حل ہوا، عزت مآب وفاقی محتسب جناب اعجاز احمد قریشی اور شاہد لطیف خاں کا شکریہ ادا کیا

گوجرانوالہ (رانا یاسر عرفات سے) اسسٹنٹ رجسٹرار وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ کے دفتر سے جاری ہونے والی پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ بلال اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر، ہیڈ آفس سب ڈویژن یو سی سی، مرالہ، سیالکوٹ کا رہائشی ہے کو گیپکو نے الیکٹری سٹی میٹر پر جس کا ریفرنس نمبر 28-1243-7000100 ہے کو نومبر 2022 سے جنوری 2023 میں بغیر کسی وجہ کہ 202، 353 اضافی یونٹس ڈالے گے۔ اس نے کئی مرتبہ ایجنسی سے درخواست کی کہ اسے جو غلط یونٹس ڈالے گئے ہیں وہ واپس لیے جائیں لیکن اس کی شنوائی نہ ہوئی بالآخر اس نے ایجنسی کے رویئے سے دلبرداشتہ ہوکر وفاقی محتسب، گوجرانوالہ کے دفتر میں اپنی درخواست جمع کروائی کہ ایجنسی نے بغیر وجہ کے مجھے 202، 353 اضافی یونٹس ڈال دیئے ہیں اس کے کیس کی شنوائی وفاقی محتسب سکریٹریٹ، گوجرانوالہ آفس میں ہوئی اور اس کا موقف صحیح مانا گیا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی صاحب کی ہدایت پر گیپکو گوجرانوالہ نے اس کو ڈالے گے 202، 353 اضافی یونٹس واپس لے لیے۔ اس نے اس سلسلے میں عزت مآب وفاقی محتسب جناب اعجاز احمد قریشی صاحب اور جناب شاہد لطیف خاں کا شکریہ ادا کیا کہ ان کی بروقت مداخلت سے اس کا مسئلہ حل ہوا اور کہا کہ یہ وہ واحد ادارہ ہے جو لوگوں کو مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔

مسلسل اشاعت کے 10 سال ABC CERTIFIED

روزنامہ بروقت نیوز لاہور

dailybarwaqtnews1@gmail.com

جلد نمبر 12 | شمارہ نمبر 45

# لیسکو واپڈا آفس میں وفاقی محتسب اعلیٰ کی کھلی کچہری

## وفاقی محتسب اعلیٰ کی جج محترمہ سحر صاحبہ نے سائلین کے مسائل سنے



کوٹ رادھا کشن (خلیل الرحمٰن) تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب اعلیٰ کی طرف سے لیسکو واپڈا آفس میں کھلی کچہری لگائی گئی۔ جس میں وفاقی محتسب اعلیٰ کی جج محترمہ سحر صاحبہ نے سائلین کے مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کیے۔ ممبر امن کمیٹی ضلع قصور مولانا میاں محمد یوسف ربانی، صدر کریانہ مرچنٹ مرکزی تاجر اتحاد افضل خان میو، صدر پریس کلب شوکت رحمٰن خان، ناظم مالیات ضلع قصور مرکزی جمعیت اہلحدیث میاں خالد سیف اللہ نے وفاقی محتسب اعلیٰ کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کوٹ رادھا کشن واپڈا سے متعلق کھلی کچہری حکومت کا احسن اقدام ہے۔ جس کی وجہ سے شہریوں کو کم وقت اور کم خرچ میں جلد انصاف مل جاتا ہے۔ اس موقع پر محترمہ سحر صاحبہ نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا وفاقی اداروں سے متعلق شکایات کی صورت میں شہری ادارہ سے رابطہ کریں۔ فوری انصاف فراہم کیا جائے گا۔

قصور، لاہور، اسلام آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار

ہر خبر پر میڈیا کی نظر

ایڈیٹر انچیف: ریاض احمد خاں

Daily Media Working Force Lahore

# ڈیلی میڈیا ورکنگ فورس لاہور

ایڈیٹر: محمد اکرم گل

خبروں اور اشتہارات کے لئے رابطہ کریں: 0300-8883604

22 فروری بروز بدھ، صفحات 04، قیمت 12 روپے




ریاض احمد خاں

نمائندہ وفاقی / MWF News



محمد اکرم گل نوشاہی

نمائندہ معاشرت / 81 News

## حق اور سچ کی آواز


خبروں، اشتہارات یا اپنے کاروباری کی تشہیر کے لئے رابطہ کریں

0300-8883604/0300-4941587


# کوٹرادھاکشن وفاقی محتسب اعلی کی جج محترمہ سحر صاحبہ کا واپڈا آفس کوٹرادھاکشن میں کھلی کچہری کا انعقاد

## محترمہ سحر صاحبہ نے لوگوں کی شکایات سنیں اور فوری طور پر احکامات جاری کئے



کوٹرادھاکشن (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعلی کی جج محترمہ سحر صاحبہ کا واپڈا آفس کوٹرادھاکشن میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب اعلی کی جج محترمہ سحر صاحبہ نے واپڈا آفس کوٹرادھاکشن میں کھلی لگائی جہاں پر انہوں نے لوگوں کی شکایات سنیں اور فوری طور پر احکامات جاری کئے، محترمہ سحر صاحبہ نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہاں کہ میں کوٹرادھاکشن کے سائلین کے لئے لاہور سے چل کر یہاں آتی ہوں لوگ میرے پاس سائلین اپنی شکایات لے کر آئیں میں انشاء اللہ میں فوری طور پر سائلین کی شکایات کا ازالہ کروں گی، اس موقع پر ممبر امن کمیٹی مولانا یوسف ربانی، مرکزی تاجر اتحاد کریانہ مرچنٹ کے صدر افضل خاں میو، پریس کلب کوٹرادھا کشن کے صدر شوکت رحمان بھی موجود تھے۔







